| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حرف (ط، ظ، ع، غ) مصوتوں سے ملایئے | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ حرف (ط، ظ، ع، غ) کو مصوتوں سے ملا الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور (اسے لے کر ض) تک حروف مصوتوں کے ساتھ ملا کر بچوں سے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ط، ظ، ع، غ کو مصوتوں سے ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ ط، ظ کی آدھی اشکال نہیں ہوتی۔ یہ جب الفاظ میں لکھے جاتے ہیں تو اپنی شکل تبدیل نہیں کرتے۔ ع اور غ کی آدھی اشکال ہوتی ہیں۔ حروف کو مصوتوں سے ملا کر تختہ سفید سیاہ پر لکھیے اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔<br>ط طا طو طی طے<br>ء عا عو عی عے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** جماعت شروع ہونے سے پہلے ط، ظ، ع، غ کو مصوتوں سے ملا کر جو الفاظ بنتے ہیں۔ اُن کے فلیش کارڈ بنائیں اور اُن کو کلاس میں چھپا دیں۔ بچوں سے کہیے کہ میں نے جماعت میں ط، ظ، ع، غ کے الفاظ چھپائے ہیں وہ ڈھونڈ کر لائیں۔ جب بچے کارڈ ڈھونڈ کر لائیں تو اُن کو کہیں کہ لفظ پڑھ کے بتائیں۔ اور اس کے حروف بتائیں بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 12 کھولنے کو کہیے۔ کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے کی خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے۔ کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کر رہے ہوں۔ اب کتاب میں نیچے دی گئی سرگرمی مکمل کروائیں۔ تختہ سفید/ سیاہ پر حروف لکھیں اور بچوں سے پوچھیں اس میں کون سا حرف لگے گا اور کیا لفظ بنے گا بچوں کو الفاظ پڑھنے میں مدد کریں۔ | 20 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر<br>12 | |
| | **اختتامیہ:** معلّمہ تختہ سفید/ سیاہ پر الفاظ لکھیں گی اور بچوں سے پڑھائی کروائیں گی۔ | | | |
| | **گھر کا کام:** کاپی پر جماعت میں کیئے گئے کام کی دہرائی کروائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حرف (ف، ق، ک، گ) کو مصوتوں سے ملائیے | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ حرف (ف، ق، ک، گ) کو مصوتوں سے ملا الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | دہرائی: حروف (ط، ظ، ع، غ) کو مصوتوں سے ملا کر بچوں سے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھوائیں۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف (ف، ق، ک، گ) کو مصوتوں سے ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ دو حرفی یا الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو آدھی اشکال کی دہرائی کروائیے۔ حروف کو مصوتوں سے ملا کر تختہ سفید سیاہ پر لکھیے اور بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں۔<br>چھوٹی اشکال (ﺯ) ﺯ فا فو فی فے<br>چھوٹی اشکال (ﻗ) ﻗ قا قو قی قے<br>گ گا گو گی گے بچوں کو لکھے گئے الفاظ بلند آواز میں پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈ<br>حروف آدھی اشکال | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر حروف لکھیں جائیں گے۔<br>حروف کو مصوتوں کے ساتھ لکھا جائے گا اور بچوں کو باری باری بلا کر کہا جائے گا کہ ان حروف سے جو لفظ بنتا ہے وہ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیں۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 13 کھولنے کو کہیے۔ کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے کی خالی جگہوں پر الفاظ لکھوائیے۔ کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں کتاب میں نیچے دی گئی سرگرمی کو مکمل کروائیے اور حروف کی پوری اشکال لکھیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 13 | |
| | **اختتامیہ:**<br>معلّمہ تختہ سفید/ سیاہ پر الفاظ کے توڑ کروائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (ل،م،ن،و) کو مصوتوں سے ملایئے | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ حروف (ل،م،ن،و) کو مصوتوں سے ملا الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید سیاہ پر فو، قو، گے، کی، کا لکھیں۔ بچوں سے پڑھائی کروائیں اور اُس کے توڑ لکھوائیں۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف (ل،م،ن،و) کو مصوتوں سے ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا الفاظ بنانے کے لیے آدھی اشکال کا استعمال کیا جاتا ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ 'و' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ یہ الفاظ میں پوری شکل کے ساتھ ہی آتا ہے۔ حروف کو مصوتوں سے ملا کر تختہ سفید سیاہ پر لکھیے اور بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں۔<br>چھوٹی اشکال میں لکھیں۔ ل لا لو لی ے   م ما مو لی ے   و وا وو وی وے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کریں اور تختہ سفید/سیاہ پر جدول تحریر کریں۔ ہر جوڑے کو ایک لفظ دیں۔ جوڑے سے لفظ کی شروع، درمیانی اور آخری آواز بتانے کو کہیں جیسے ورق، تالا، بولے، ماضی، مانو معلّمہ لفظ ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔ ہر جوڑے کو باری کا موقع دیں اور جوڑے کے بتائے گئے آوازوں کو جانچتے ہوئے صحیح اور غلط کا نشان اِن کے مطلوبہ خانوں میں لگائیں۔<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 14 کھولنے کو کہیے۔ کتاب کے صفحے پر دیئے گئے حروف کے سامنے خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے۔ کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کر رہے ہیں۔ کتاب میں نیچے دیئے گئے الفاظ تختہ سیاہ پر لکھیں اور بچوں کو بلند آواز میں پڑھنے کو کہیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 14 | |
| | **اختتامیہ:**<br>معلّمہ تختہ سفید/سیاہ پر مال، لال، نال لکھے گی بچے 'ی' لگا کر نئے الفاظ بنائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** بچے ف، ق، ک، گ، ل، م، ن اور و کو مصوتوں سے ملا کر کاپی پر لکھیں۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (ہ،ء،ی،ے) کومصوتوں سے ملایئے | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔حرف (ہ ، ء ، ی ، ے ) کومصوتوں سے ملاالفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>معلّمہ گزشتہ بتائے ہوئے سبق کا اعادہ کروائے گی اُس میں حروف کی آواز اور لکھائی کرائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مصوتوں کی پہچان اور حروف کومصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا آج ہم حروف (ہ،ء،ی،ے) کومصوتوں سے ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ الفاظ بنانے کے لیے آدھی اشکال کا استعمال کیا جاتا ہے۔بچوں کو بتائیں کہ ءکی آدھی شکل نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ الفاظ کے ساتھ مل کر نیا لفظ بناتا ہے۔یہ الفاظ کے اوپر استعمال کیا جاتا ہے۔حروف کومصوتوں سے ملا کر تختہ سفید/سیاہ پر لکھیئے اور بچوں کو پڑھنے میں مدد کریں۔<br>ہ ہا ہو ہی ہے     ء اُ ؤ ئی ئے     ی یا یو یی یے | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار گروپوں میں تقسیم کریں اور تختہ سفید/سیاہ پر سکھائے گئے الفاظ لکھیں۔ہو ، یی ، یے ، اُ ، ہا ، یا ، ہی ، ئی دو گروپوں کی باری باری ایک ساتھ تختہ سفید سیاہ کے پاس بلائیں۔دونوں گروپوں کے بچے دوسیدھی لائن میں تختہ سفید/سیاہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں گے۔معلّمہ لکھے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ کے حروف کی آوازیں پکارے گی اور دونوں گروپ میں جو پہلے لفظ کو ہاتھ لگائے گا اُس کو نمبر ملے گا۔اسی طرح بچے باری باری آئیں گے اور الفاظ پر ہاتھ رکھیں گے۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 15 کھولنے کو کہیے۔کتاب کے صفحہ نمبر دیئے گئے حروف کے سامنے خالی جگہ پر الفاظ لکھوایئے۔کام کے دوران نگرانی کریں کہ بچے درست کام کررہے ہیں۔کتاب میں نیچے دیئے گئے الفاظ تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں اور اِن کی بلندخوانی کروائیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 15 | |
| | **اختتامیہ:**<br>معلّمہ بچوں سے ہو،ہی،اُ،ئے،یا،یوتختہ سفید/سیاہ پر لکھوائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | حروف (اسے لے کرے) تک مصوتوں سے ملائیں | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ حرف (اسے لے کرے) کو مصوتوں سے ملا الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی پھر حروف کی آوازوں کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف کو مصوتوں سے ملا کر الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے 4 ہوتے ہیں (ا، و، ی، ے)۔ آج ہم (اسے لے کرے) حروف کو مصوتوں سے ملا کے دو حرفی الفاظ بنانے کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو آدھی اشکال کی دہرائی کروائیں اور دو حرفی الفاظ کے فلیش کارڈز دکھا کر اُن کے حروف پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو ایک ایک کر کے تختہ سفید/سیاہ پر بلایا جائے گا اور ایک حرف بتایا جائے گا اور اُن کو کہا جائے گا کہ اِس کو مصوتوں سے ملا کر بورڈ پر لکھیں جیسے۔<br>ط طا طو طی طے | 10 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا اور حروف کے فلیش کارڈ دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا معلّمہ تختہ سفید سیاہ پر الفاظ کے فلیش کارڈ چسپاں کریں گی جیسے کہ ضا ، فو ، پا ، تی ، جے ، جو ، ہی بچے اُن الفاظ کے حرف کے فلیش کارڈ ڈھونڈیں گے اور اُن کو تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کریں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حروف کو مصوتوں سے ملا کر لکھنا ہوگا۔ کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں اور رہنمائی کریں۔ | 20 منٹ | حروف فلیش کارڈز<br>ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حروف کی آدھی اشکال تختہ سفید/سیاہ پر لکھوائیں۔<br>**گھر کا کام:** حروف کو مصوتوں سے ملا کر کاپی پر لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |